اللھم صل علی سیدنا محمد وسلم

# عربی زبان کا

# ابتدائی قاعدہ

پیشکش : طلباء جامعہ نظام مصطفی

مصنف : پیر طریقت مفتی محمد جنید خان قادری
بانی وصدر مدرس جامعہ نظام مصطفی میانوالی رجسٹرڈ

# عربی زبان کا ابتدائی قاعدہ

**مصنف:** پیر طریقت استاذ العلماء جامع المعقول والمنقول مفتی محمد جنید خان قادری
بانی وصدر مدرس جامعہ نظام مصطفی ﷺ میانوالی رجسٹرڈ

**ملنے کا پتہ:** جامعہ نظام مصطفی ﷺ تھتھی شریف مین روڈ کالاباغ نزد سی پیک انٹرچینج داؤدخیل میانوالی پنجاب پاکستان

**پیکش:** طلبہ جامعہ نظام مصطفی ﷺ میانوالی

**مرتب:** محمدنوید انجم صاحب

**فری آن لائن ڈاؤنلوڈ:** www.nizamemustafa.com

**رابطہ نمبر:** 03075674646

## نوٹ

اس قاعدہ کے بالترتیب تمام ویڈیو اسباق دیکھنے اور سمجھنے کے لیے دی گئی ویب سائیٹ کو یا دیئے گئے لنک سے یوٹیوب چینل کو وزٹ کرسکتے ہیں۔

https://youtube.com/@onlinedarsenizami

https://www.nizamemustafa.com

جامعہ نظام مصطفی JAMIA NIZAM-E-MUSTAFA

## ابتدائی ضروری باتیں

حرکت: زبر، زیر، پیش کو حرکت کہتے ہیں اور جس حرف پر حرکت ہو اسے مُتَحَرِّک کہتے ہیں جیسے نُزِلَ میں نون پر پیش، زا پر زیر، لام پر زبر ہے۔ اور جزم کو سکون کہتے ہیں جیسے سَمْعٌ (سننا) میں میم پر علامت جزم ہے تو میم ساکن ہے۔

فعل: کام کو کہتے ہیں۔ فارسی میں اسے کار کہتے ہیں جیسے کھانا، پینا، اٹھنا، چلنا سب کام ہیں۔

فاعل: کام کرنیوالے کو کہتے ہیں

زمانہ: تین ہیں۔ ماضی گزرا ہوا، حال موجودہ، مستقبل آنیوالے زمانے کو کہتے ہیں۔

فعل ماضی: وہ کام جو گزرے ہوئے زمانہ میں ہوا سے فعل ماضی کہتے ہیں جیسے ضَرَبَ کھایا تھا اس ایک مرد نے

فعل مضارع: وہ کام جو موجودہ زمانے میں ہو رہا ہو یا آنیوالے زمانے میں ہوگا اسے فعل مضارع کہتے ہیں جیسے یَضْرِبُ مارتا ہے یا ماریگا۔ یاد رہے عربی میں اردو کی طرح حال و مستقبل کے لئے علیحدہ علیحدہ لفظ نہیں ہوتے۔ ایک ہی لفظ حال و مستقبل کے لیئے استعمال کیا جاتا ہے۔

فعل امر: جس میں کسی کام کا حکم دیا جائے جیسے اِقْرَءْ پڑھ تو ایک مرد

فعل نہی: جس میں کسی کام سے روکا جائے جیسے لَا تَکْذِبْ جھوٹ مت بول

واحد: ایک کو جیسے رَجُلٌ مرد تَثْنِیَہ: دو کو جیسے رَجُلَانِ دو مرد جمع: دو سے زیادہ کو کہتے ہیں جیسے رِجَالٌ بھت سارے آدمی

مذکر: نر کو کہتے ہیں جیسے تَیْسٌ بکرا، جَمَلٌ اونٹ مؤنث: مادہ کو کہتے ہیں جیسے شَاۃٌ بکری نَاقَۃٌ اونٹنی

غائب: جو سامنے موجود نہ ہو حاضر: جو سامنے موجود ہو اسے مُخَاطَب بھی کہتے ہیں مُتَکَلِّم: بات کرنیوالے کو کہتے ہیں

صیغہ: فعل کی شکل کو کہتے ہیں۔ ایک فعل کے اندر چودہ صیغے ہوتے ہیں۔ جو کہ فاعل کے حساب سے بنتے ہیں۔ وہ مندرجہ ذیل ہیں

۱) واحد مذکر غائب ۲) تثنیہ مذکر غائب ۳) جمع مذکر غائب ۴) واحد مؤنث غائب ۵) تثنیہ مونث غائب ۶) جمع مونث غائب ۷) واحد مذکر حاضر ۸) تثنیہ مذکر حاضر ۹) جمع مذکر حاضر ۱۰) واحد مونث حاضر ۱۱) تثنیہ مونث حاضر ۱۲) جمع مونث حاضر ۱۳) واحد متکلم ۱۴) جمع متکلم

فعل معلوم یا فعل معروف: وہ کام جسکے فاعل (کرنیوالے) کا علم ہو جیسے شَرِبَ پیا اس ایک مرد نے۔ یہاں اس جملے مین ہمیں معلوم ہے کہ اس (وہ) ایک غائب نے پیا ہے۔ تو پیا ایک فعل ہے جسکے فاعل کا ہمیں علم ہے تو یہ فعل معلوم کہلا یگا۔

فعل مجھول: وہ کام جسکے فاعل کا علم نہ ہو جیسے قُتِلَ مارا گیا وہ ایک مرد۔ اس جملے میں مارے گئے کا معلوم ہو رہا ہے جسے مفعول کہتے ہیں لیکن مارنے والے کا پتہ نہیں تو اسے فعل مجھول کہینگے۔

JAMIA NIZAM-E-MUSTAFA

## فعل ماضی معلوم

| لفظ | ترجمہ | صیغہ |
|---|---|---|
| ضَرَبَ | مارا اس ایک مرد نے | واحد مذکر غائب |
| ضَرَبَا | مارا ان دو مردوں نے | تثنیہ مذکر غائب |
| ضَرَبُوْا | مارا ان سب مردوں نے | جمع مذکر غائب |
| ضَرَبَتْ | مارا اس ایک عورت نے | واحد مونث غائب |
| ضَرَبَتَا | مارا ان دو عورتوں نے | تثنیہ مونث غائب |
| ضَرَبْنَ | مارا ان سب عورتوں نے | جمع مونث غائب |
| ضَرَبْتَ | مارا تو ایک مرد نے | واحد مذکر حاضر |
| ضَرَبْتُمَا | مارا تم دو مردوں نے | تثنیہ مذکر حاضر |
| ضَرَبْتُمْ | مارا تم سب مردوں نے | جمع مذکر حاضر |
| ضَرَبْتِ | مارا تو ایک عورت نے | واحد مونث حاضر |
| ضَرَبْتُمَا | مارا تم دو عورتوں نے | تثنیہ مونث حاضر |
| ضَرَبْتُنَّ | مارا تم سب عورتوں نے | جمع مونث حاضر |
| ضَرَبْتُ | مارا میں ایک مرد نے، مارا میں ایک عورت نے | واحد متکلم |
| ضَرَبْنَا | مارا ہم دو یا سب مردوں نے، مارا ہم دو یا سب عورتوں نے | جمع متکلم |

### مشق

ان الفاظ سے فعل ماضی معلوم کی گردانیں بنائیں۔

۱) فَتَحَ کھولا اس ایک مرد نے ۲) سَمِعَ سنا اس ایک مرد نے ۳) نَصَرَ مدد کی اس ایک مرد نے

۴) شَرِبَ پیا اس ایک مرد نے ۵) کَرُمَ عزت کی اس ایک مرد نے ۶) حَسِبَ گمان کیا اس ایک مرد نے

۷) عَبَدَ عبادت کی اس ایک مرد نے ۸) سَبَحَ تیرا کی اس ایک مرد نے ۹) ذَھَبَ گیا وہ ایک مرد

۱۰) خَرَجَ نکلا وہ ایک مرد ۱۱) دَخَلَ اندر آیا وہ ایک مرد ۱۲) کَتَبَ لکھا اس ایک مرد نے

# فعل ماضی مجہول

| لفظ | ترجمہ | صیغہ |
|---|---|---|
| ضُرِبَ | مارا گیا وہ ایک مرد | واحد مذکر غائب |
| ضُرِبَا | مارے گئے وہ دو مرد | تثنیہ مذکر غائب |
| ضُرِبُوْا | مارے گئے وہ سب مرد | جمع مذکر غائب |
| ضُرِبَتْ | ماری گئی وہ ایک عورت | واحد مونث غائب |
| ضُرِبَتَا | ماری گئی وہ دو عورتیں | تثنیہ مونث غائب |
| ضُرِبْنَ | ماری گئیں وہ سب عورتیں | جمع مونث غائب |
| ضُرِبْتَ | مارا گیا تو ایک مرد | واحد مذکر حاضر |
| ضُرِبْتُمَا | مارے گئے تم دو مرد | تثنیہ مذکر حاضر |
| ضُرِبْتُمْ | مارے گئے تم سب مرد | جمع مذکر حاضر |
| ضُرِبْتِ | ماری گئی تو ایک عورت | واحد مونث حاضر |
| ضُرِبْتُمَا | ماری گئیں تم دو عورتیں | تثنیہ مونث حاضر |
| ضُرِبْتُنَّ | ماری گئیں تم سب عورتیں | جمع مونث حاضر |
| ضُرِبْتُ | مارا گیا میں ایک مرد، ماری گئی میں ایک عورت | واحد متکلم |
| ضُرِبْنَا | مارے گئے ہم دو مرد یا دو عورتیں یا سب مرد یا سب عورتیں | جمع متکلم |

## مشق

ان الفاظ سے فعل ماضی مجہول کی گردان بنائیں

۱)ذَکَرَ یاد کیا اس ایک مرد نے ۲)غَسَلَ نہایا وہ ایک مرد ۳)حَمِدَ تعریف کی اس ایک مرد نے

۴)لَعَنَ رحمت سے محروم ہوا وہ ایک مرد ۵)مَنَعَ روکا اس ایک مرد نے ۶)ظَلَمَ زیادتی کی اس ایک مرد نے

۷)حَرُمَ عزت والا ہوا وہ ایک مرد ۸)تَرَکَ چھوڑا اس ایک مرد نے ۹)اَذِنَ اجازت مانگی اس ایک مرد نے

۱۰)خَدَعَ دھوکا دیا اس ایک مرد نے ۱۱)رَحِمَ شفقت کی اس ایک مرد نے ۱۲)بَعُدَ دور ہوا وہ ایک مرد

جامعہ نظام مصطفیٰ
JAMIA NIZAM-E-MUSTAFA

# فعل مضارع معلوم

| لفظ | ترجمہ | صیغہ |
|---|---|---|
| يَضْرِبُ | مارتا ہے یا ماریگا وہ ایک مرد | واحد مذکر غائب |
| يَضْرِبَانِ | مارتے ہیں یا ماریں گے وہ دو مرد | تثنیہ مذکر غائب |
| يَضْرِبُوْنَ | مارتے ہیں یا مارینگے وہ سب مرد | جمع مذکر غائب |
| تَضْرِبُ | مارتی ہے یا ماریگی وہ ایک عورت | واحد مونث غائب |
| تَضْرِبَانِ | مارتی ہیں یا مارینگی وہ دو عورتیں | تثنیہ مونث غائب |
| يَضْرِبْنَ | مارتی ہیں یا مارینگی وہ سب عورتیں | جمع مونث غائب |
| تَضْرِبُ | مارتا ہے یا ماریگا تو ایک مرد | واحد مذکر حاضر |
| تَضْرِبَانِ | مارتے ہو یا مارو گے تم دو مرد | تثنیہ مذکر حاضر |
| تَضْرِبُوْنَ | مارتے ہو یا مارو گے تم سب مرد | جمع مذکر حاضر |
| تَضْرِبِيْنَ | مارتی ہے یا ماریگی تو ایک عورت | واحد مونث حاضر |
| تَضْرِبَانِ | مارتی ہو یا مارو گی تم دو عورتیں | تثنیہ مونث حاضر |
| تَضْرِبْنَ | مارتی ہو یا مارو گی تم سب عورتیں | جمع مونث حاضر |
| اَضْرِبُ | مارتا ہو یا مارونگا میں ایک مرد یا ایک عورت | واحد متکلم |
| نَضْرِبُ | مارتے ہیں یا مارینگے ہم دو مرد یا دو عورتیں یا سب مرد و عورتیں | جمع متکلم |

## مشق

ان الفاظ سے فعل مضارع معلوم کی گردان بنائیں

۱) يَسْمَعُ اجازت مانگتا ہے یا مانگیگا ۲) يَأْكُلُ کھاتا ہے یا کھائیگا ۳) يَشْرَبُ پیتا ہے یا پیئیگا

۴) يَعْرِفُ پہنچانتا ہے یا پہنچانیگا ۵) يَعْلَمُ جانتا ہے یا جانیگا ۶) يَنْجَحُ کامیاب ہوتا ہے یا ہوگا

۷) يَرْزُقُ دیتا ہے یا دے گا ۸) يَقْبَلُ منظور کرتا ہے یا کریگا ۹) يَطْلُبُ بلاتا ہے یا بلائیگا

۱۰) يَعْمَلُ کام کرتا ہے یا کریگا ۱۱) يَحْمِلُ بوجھ اٹھاتا ہے یا اٹھائیگا ۱۲) يَجْلِسُ بیٹھتا ہے یا بیٹھیگا

جامعہ نظام مصطفیٰ JAMIA NIZAM-E-MUSTAFA

## فعل مضارع مجہول

| لفظ | ترجمہ | صیغہ |
|---|---|---|
| يُضْرَبُ | مارا جاتا ہے یا مارا جائیگا وہ ایک مرد | واحد مذکر غائب |
| يُضْرَبَانِ | مارے جاتے ہیں یا مارے جائینگے وہ دو مرد | تثنیہ مذکر غائب |
| يُضْرَبُوْنَ | مارے جاتے ہیں یا مارے جائینگے وہ سب مرد | جمع مذکر غائب |
| تُضْرَبُ | ماری جاتی ہے یا ماری جائیگی وہ ایک عورت | واحد مونث غائب |
| تُضْرَبَانِ | ماری جاتی ہیں یا ماری جائینگی وہ دو عورتیں | تثنیہ مونث غائب |
| يُضْرَبْنَ | ماری جاتی ہیں یا ماری جائینگی وہ سب عورتیں | جمع مونث غائب |
| تُضْرَبُ | مارا جاتا ہے یا مارا جائیگا تو ایک مرد | واحد مذکر حاضر |
| تُضْرَبَانِ | مارے جاتے ہو یا مارے جاؤ گے تم دو مرد | تثنیہ مذکر حاضر |
| تُضْرَبُوْنَ | مارے جاتے ہو یا مارے جاؤ گے تم سب مرد | جمع مذکر حاضر |
| تُضْرَبِيْنَ | ماری جاتی ہو یا ماری جائیگی تو ایک عورت | واحد مونث حاضر |
| تُضْرَبَانِ | ماری جاتی ہو یا ماری جاؤ گی تم دو عورتیں | تثنیہ مونث حاضر |
| تُضْرَبْنَ | ماری جاتی ہو یا ماری جاؤ گی تم سب عورتیں | جمع مونث حاضر |
| اُضْرَبُ | مارا جاتا ہو یا مارا جاؤنگا میں ایک مرد یا عورت | واحد متکلم |
| نُضْرَبُ | مارے جاتے ہیں مارے جائینگے ہم دو مرد یا عورتیں یا سب مرد و عورتیں | جمع متکلم |

## مشق 6

ان الفاظ سے فعل مضارع مجہول بنائیں

۱) يَظْلِمُ ظلم کرتا ہے یا کریگا ۲) يَحْرُمُ حرام ہوتا ہے یا ہوگا ۳) يَرْشُدُ رہنمائی کرتا ہے یا کریگا

۴) يَنْصِبُ کھڑا ہوتا ہے یا ہوگا ۵) يَعْقِلُ سمجھتا ہے یا سمجھے گا ۶) يَرْكَبُ سوار ہوتا ہے یا ہوگا

۷) يَنْكِحُ وطی کرتا ہے یا کریگا ۸) يَنْقُصُ کم ہوتا ہے یا ہوگا ۹) يَقْبُرُ تنگ ہوتا ہے یا ہوگا

۱۰) يَلْزَمُ لازم ہوتا ہے یا ہوگا ۱۱) يَحْبِسُ بند ہوتا ہے یا ہوگا ۱۲) يَلْبِسُ پہنتا ہے یا پہنیگا

JAMIA NIZAM-E-MUSTAFA جامعہ نظام مصطفیٰ

## فعل امر حاضر معلوم

| لفظ | ترجمہ | صیغہ |
|---|---|---|
| اِضْرِبْ | مار تو ایک مرد | واحد مذکر حاضر |
| اِضْرِبَا | مارو تم دو مرد | تثنیہ مذکر حاضر |
| اِضْرِبُوْا | مارو تم سب مرد | جمع مذکر حاضر |
| اِضْرِبِیْ | مار تو ایک عورت | واحد مونث حاضر |
| اِضْرِبَا | مارو تم دو عورتیں | تثنیہ مونث حاضر |
| اِضْرِبْنَ | مارو تم سب عورتیں | جمع مونث حاضر |

## فعل امر حاضر معلوم کی دوسری گردان

| لفظ | ترجمہ | صیغہ |
|---|---|---|
| اُنْصُرْ | مدد کر تو ایک مرد | واحد مذکر حاضر |
| اُنْصُرَا | مدد کرو تم دو مرد | تثنیہ مذکر حاضر |
| اُنْصُرُوْا | مدد کرو تم سب مرد | جمع مذکر حاضر |
| اُنْصُرِیْ | مدد کر تو ایک عورت | واحد مونث حاضر |
| اُنْصُرَا | مدد کرو تم دو عورتیں | تثنیہ مونث حاضر |
| اُنْصُرْنَ | مدد کرو تم سب عورتیں | جمع مونث حاضر |

جامعہ نظام مصطفیٰ
JAMIA NIZAM-E-MUSTAFA

## مشق

ان الفاظ سے فعل امر حاضر معلوم کی گردان بنائیں

۱)یَسْکُنُ رہتا ہے یا رہیگا ۲) یَضْغَطُ دباتا ہے یا دبایگا (بٹن دبانا جیسے) ۳) یَعْجَبُ پسند کرتا ہے یا کریگا (LIKE)

۴) یَزْرَعُ اگاتا ہے اگایگا ۵) یَقْبِلُ چومتا ہے یا چومیگا ۶) یَصْنَعُ بناتا ہے یا بنایگا (MAKE)

۷) یَحْذَرُ بچتا ہے یا بچیگا ۸) یَغْلِقُ بند کرتا ہے یا کریگا ۹) یَصْعَدُ چڑھتا ہے یا چڑھیگا

۱۰) یَفْرَحُ خوش ہوتا ہے یا ہوگا ۱۱) یَضْحَکُ ہنستا ہے یا ہنسیگا ۱۲) یَهْبِطُ اترتا ہے یا اتریگا

## فعل نہی حاضر معلوم

| لفظ | ترجمہ | صیغہ |
|---|---|---|
| لَا تَضْرِبْ | مت مار تو ایک مرد | واحد مذکر حاضر |
| لَا تَضْرِبَا | مت مار وتم دومرد | تثنیہ مذکر حاضر |
| لَا تَضْرِبُوا | مت مار وتم سب مرد | جمع مذکر حاضر |
| لَا تَضْرِبِیْ | مت مار تو ایک عورت | واحد مونث حاضر |
| لَا تَضْرِبَا | مت مار وتم دوعورتیں | تثنیہ مونث حاضر |
| لَا تَضْرِبْنَ | مت مار وتم سب عورتیں | جمع مونث حاضر |

### مشق

ان الفاظ سے فعل نہی معلوم کی گردان بنائیں

۱)یَحْقِرُ حقیر سمجھتا ہے یا سمجھیگا ۲) یَحْقِنُ پیشاب روکتا ہے یا روکیگا ۳)یَخْدَعُ دھوکہ دیتا ہے یا دیگا

۴)یَخْطَفُ اچک لیتا ہے یا لیگا ۵)یَدْبَغُ چمڑا رنگتا ہے یا رنگیگا ۶) یَدْحَسُ فساد بپا کرتا ہے یا کریگا

۷)یَسْرُطُ نگلتا ہے یا نگلیگا ۸)یَسْفَهُ بیوقوف ہوتا ہے یا ہوگا ۹)یَشْلُخُ کاٹتا ہے یا کاٹیگا

۱۰)یَغْفِرُ چھپاتا ہے یا چھپائیگا ۱۱)یَغْفِلُ بھولتا ہے یا بھولیگا ۱۲) یَغْلُفُ ڈھانکتا ہے یا ڈھانکیگا

### اسمائے اشارات

ھذا یہ ایک مرد ۲)ھذان یہ دومرد ۳)ھٰذہ یہ ایک عورت ۴)ھاتان یہ دوعورتیں ۵)ھٰؤُلَاءِ یہ سب مرد وعورتیں

ذٰلکَ وہ ایک مرد ۲) ذانِکَ وہ دومرد ۳) تِلْکَ وہ ایک عورت ۴)تَانِکَ وہ دوعورتیں ۵) اُوْلٰئِکَ وہ سب مرد وعورتیں

مثلا ھذا قَلَمٌ یہ قلم ہے ، ذٰلِکَ جَمَلٌ وہ اونٹ ہے، اولئک اَصْدِقَاءُ وہ سب دوست ہیں ھذِہ طِفْلَة یہ بچی ہے

JAMIA NIZAM-E-MUSTAFA

## اسم فاعل

| لفظ | ترجمہ | صیغہ |
|---|---|---|
| ضَارِبٌ | مارنے والا ایک مرد | واحد مذکر اسم فاعل |
| ضَارِبَان | مارنے والے دو مرد | تثنیہ مذکر اسم فاعل |
| ضَارِبُوْنَ | مارنے والے سب مرد | جمع مذکر اسم فاعل |
| ضَارِبَةٌ | مارنے والی ایک عورت | واحد مونث اسم فاعل |
| ضَارِبَتَان | مارنے والی دو عورتیں | تثنیہ مونث اسم فاعل |
| ضَارِبَاتٌ | مارنے والی سب عورتیں | جمع مونث اسم فاعل |

### مشق

۱)یَحْذَرُ بچتا ہے یا بچیگا ۲)یَحْطِبُ اکٹھا کرتا ہے یا کریگا ۳) یَبْسِمُ مسکراتا ہے یا مسکرائیگا

۴)یَحْجِزُ روکتا ہے یا روکیگا ۵)یَبْذُلُ خرچ کرتا ہے یا کریگا ٦)یَرْمُدُ بھسم کرتا ہے یا کریگا

۷)یَرْجُزُ رجز یا اشعار پڑھتا ہے یا پڑھیگا ۸)یَحْلُمُ خواب دیکھتا ہے یا دیکھیگا ۹)یَخْرُقُ. پھاڑتا ہے یا پھاڑیگا

## اسم مفعول

| لفظ | ترجمہ | صیغہ |
|---|---|---|
| مَضْرُوْبٌ | مارا گیا ایک مرد | واحد مذکر اسم مفعول |
| مَضْرُوْبَان | مارے گئے دو مرد | تثنیہ مذکر اسم مفعول |
| مَضْرُوْبُوْنَ | مارے گئے سب مرد | جمع مذکر اسم مفعول |
| مَضْرُوْبَةٌ | ماری گئی ایک عورت | واحد مونث اسم مفعول |
| مَضْرُوْبَتَان | ماری گئیں دو عورتیں | تثنیہ مؤنث اسم مفعول |
| مَضْرُوْبَاتٌ | ماری گئیں سب عورتیں | جمع مؤنث اسم مفعول |

### مشق

۱)یَبْرُمُ مضبوط کرتا ہے یا کریگا ۲)یَطْعَنُ عیب لگاتا ہے یا لگائیگا ۳)یَنْطِقُ بولتا ہے یا بولیگا

۴)یَقْلَعُ اکھاڑتا ہے یا اکھاڑیگا ۵)یَخْرُمُ چھیج (سوراخ) لگاتا ہے یا لگائیگا ٦)یَشْرُمُ چرتا ہے یا چریگا

۷)یَکْشِفُ کھلتا ہے یا کھلیگا ۸)یَطْبَعُ چھاپتا ہے یا چھاپیگا ۹)یَخْدِمُ نوکری کرتا ہے یا کریگا

JAMIA NIZAM-E-MUSTAFA

## نحو کا بیان

### عربی میں ضمیریں

| | | |
|---|---|---|
| هُوَ وہ ایک مرد | هُمَا وہ دو مرد | هُمْ وہ سب مرد |
| هِيَ وہ ایک عورت | هُمَا وہ دو عورتیں | هُنَّ وہ سب عورتیں |
| اَنْتَ تو ایک مرد | اَنْتُمَا تم دو مرد | اَنْتُمْ تم سب مرد |
| اَنْتِ تو ایک عورت | اَنْتُمَا تم دو عورتیں | اَنْتُنَّ تم سب عورتیں |
| اَنَا میں ایک مرد یا عورت | نَحْنُ ہم دو یا سب مرد یا عورتیں | |

نوٹ: اسم فاعل اور مفعول سے پہلے یہ ضمیریں بڑھا کر حاضر، غائب، متکلم کو ظاہر کر سکتے ہیں اور پورا جملہ بن جائیگا جیسے

اَنَا طَالِبٌ میں ایک طالبعلم ہو    هُوَ سَارِقٌ وہ ایک چوری کرنیوالا ہے    اَنْتِ شَارِبَةٌ تو ایک عورت پینے والی ہے

### ہفتے کے دنوں کے نام (اَیَّامُ الْاَسْبُوع)

۱)یَوْمُ الْاَحَد اتوار  ۲) یومُ الْاِثْنَیْنِ سوموار  ۳)یومُ الثَّلَاثَاءِ منگل  ۴) یومُ الْاَرْبَعَاءِ بدھ

۵)یومُ الْخَمِیْسِ جمعرات  ۶) یومُ الْجُمْعَةِ جمعہ  ۷)یَوْمُ السَّبْتِ ہفتہ

### عربی میں گنتی

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَاحِدٌ ایک | اِثْنَانِ دو | ثَلَاثٌ تین | اَرْبَعٌ چار | خَمْسٌ پانچ |
| سِتٌّ چھ | سَبْعٌ سات | ثَمَانِ آٹھ | تَسْعٌ نو | عَشَرٌ دس |
| اَحَدَعَشَرَ گیارہ | اِثْنَاعَشَرَ بارہ | ثَلَاثَةَعَشَرَ تیرہ | اَرْبَعَةَ عَشَرَ چودہ | خَمْسَةَعَشَرَ پندرہ |
| سِتَّةَعَشَرَ سولہ | سَبْعَةَعَشَرَ سترہ | ثَمَانِیَةَ عَشَرَ اٹھارہ | تِسْعَةَعَشَرَ انیس | عِشْرُوْنَ بیس |
| ثَلَاثُوْنَ تیس | اَرْبَعُوْنَ چالیس | خَمْسُوْنَ پچاس | سِتُّوْنَ ساٹھ | سَبْعُوْنَ ستر |
| ثَمَانُوْنَ اسی | تِسْعُوْنَ نوے | مِائَةٌ (مِئَةٌ) سو | اَلْفٌ ہزار | مِلْیُوْنَ دس لاکھ |

JAMIA NIZAM-E-MUSTAFA

۱)تین سے لیکر دس تک گنتی میں اسکے بعد والے اسم کو جمع مجرور (زیر) لکھیں اور وہ اسم مذکر تو گنتی مونث اور وہ مونث تو گنتی مذکر لکھیں جیسے

ثَلاثَةُ رِجالٍ ۲) ثَلاثُ بَقَرَاتٍ ۳) خمسَةُ كُتُبٍ

۲) گیارہ سے لیکر سو تک کی گنتی کے بعد والے اسم کو واحد منصوب لکھیں جیسے احد عشر رجلا

۳) مائۃ کے بعد اسم کو واحد مجرور لکھیں جیسے مائة رجلٍ

۴)الف کے بعد اسم کو واحد لکھیں جیسے اَلْفُ عام ہزار سال

صلی اللہ علی النبی الامی الحبیب العالی القدر العظیم الجاہ وعلی آلہ واصحابہ واھلبیتہ وعترتہ وازواجہ وذریتہ واصھارہ وانصارہ وامتہ واولیاء ملتہ وعلماء اھل سنتہ اجمعین یاارحم الراحمین

## نوٹ

اس قاعدہ کے بالترتیب تمام ویڈیو اسباق دیکھنے اور سمجھنے کے لیے دی گئی ویب سائیٹ کو یا دیئے گئے لنک سے یوٹیوب چینل کو وزٹ کرسکتے ہیں۔

https://youtube.com/@onlinedarsenizami

https://www.nizamemustafa.com

JAMIA NIZAM-E-MUSTAFA جامعہ نظام مصطفیٰ

مین کالا باغ میانوالی روڈ




# زیر تعمیر عمارت جامعہ نظام مصطفیٰ مسجد نظام مصطفیٰ ٹھٹی شریف

جامعہ و مسجد کی تعمیر میں سیمنٹ سریہ ریت اور اینٹوں وغیرہ یا نقدی کی صورت میں تعاون کر سکتے ہیں

**نوٹ: آپکے مرحومین کے لیے عظیم موقع**

جو آدمی ایک لاکھ یا زیادہ کی رقم جمع کروائے گا تو ان کے والدین یا مرحومین کا باقاعدہ نام لکھا جائے گا اور روز ایک ختم قران تدریسی ایام میں پڑھ کر بنام ان کو ایصال ثواب کیا جائے گا اور تمام حصہ ملانے والوں کو بھی ایصال ثواب مجموعہ کیا جائے گا۔

شعبہ حفظ، درس نظامی (ایم اے عربیک و اسلامک سٹڈیز)، مفتی کورس اور میٹرک تک دنیاوی تعلیم بھی دی جاتی ہے۔

Ph: 0307-5674646
www.nizamemustafa.com

@onlinedarsenizami
muftijunaidrazakhan
jamia.nizamemustafa